رول نمبر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔(امیدوار خود پُر کرے)(تعلیمی سیشن 2020-2022 تا 2022-2024)

اردو (لازمی) 224 ۔فرسٹ اینول (انٹر پارٹ۔II) وقت : 2.40 گھنٹے

پرچہ : II (انشائی طرز) (پہلا گروپ) کل نمبر : 80

(حصہ اوّل)

2۔ (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے : 1,1,8

ترے قدم پہ نظر آئے محفلِ انجم وہ بانکپن ، وہ اچھوتا شباب پیدا کر
ترا شباب امانت ہے ساری دنیا کی تو خارزارِ جہاں میں گلاب پیدا کر

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح الگ الگ کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے : 1,3,3,3

وائے دیوانگیٔ شوق کہ ہر دم مجھ کو آپ جانا اُدھر اور آپ ہی حیراں ہونا
عشرتِ قتل گہِ اہلِ تمنا مت پوچھ عیدِ نظارہ ہے شمشیر کا عُریاں ہونا
لے گئے خاک میں ہم داغِ تمنائے نشاط تُو ہو اور آپ بہ صد رنگ گلستاں ہونا

(حصہ دوم)

3۔ سیاق و سباق کے حوالے سے کسی ایک جز کی تشریح کیجیے۔ نیز سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے : 1,1,3,10

(الف) نذیراحمد کی قوتِ تقریر کے متعلق کہا جاتا تھا کہ انگلستان کا مشہور مقرر برک بھی اُن سے زیادہ موثر تقریر نہیں کر سکتا تھا۔ اب بھی اگلے وقتوں کے لوگ ، جنھوں نے مولوی صاحب کے لیکچر سنے ہیں ، کہتے ہیں کہ یا تو ہم نے ڈپٹی صاحب کو دیکھا یا اب اخیر میں بہادریارجنگ مرحوم کو دیکھا کہ سامعین پر جادو سا کر دیتے اور جو کام ان سے چاہتے لے لیتے۔ جب چاہا انھیں ہنسا دیا اور جب چاہا ان کی جیبیں خالی کرا لیں اور عورتوں کے زیور تک اتروا لیا کرتے تھے۔ (ورق الٹئے)

3۔ (ب) پاکستان کے قیام سے نہ صرف ہندوستان کے برعظیم اور ایشیا میں بلکہ ساری اسلامی دنیا میں ایک ایسا قوت آفرین تغیر رونما ہو گیا ہے جس کے غیر معمولی نتائج کا دنیا ابھی صحیح طور پر اندازہ نہیں کر سکتی۔ ادھر یہ امر پاکستان کی ملتِ اسلامیہ پر روز بروز واضح ہو رہا ہے کہ اگر اسے اپنی اور دنیا کی طرف اپنا اسلامی اور انسانی فرض ادا کرنا ہے تو پاکستان کی حکومت لازمی طور پر اسلامی جمہوریت کے ترقی پرور اصولوں پر قائم ہو گی، جس میں مسلم اور غیر مسلم دونوں سے مساوی سلوک کیا جائے گا۔

4۔ درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے : 1,9

(الف) اکبری کی حماقتیں ۔ (ب) مولانا ظفرعلی خاں ۔

5۔ جوش ملیح آبادی کی نظم ''سُراغِ راہرو'' کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 5

6۔ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مفصل مضمون تحریر کیجیے : 20

(الف) ایک ہوں مسلم حرم کی پاسبانی کے لیے ۔
(ب) دہشت گردی، اسباب اور روک تھام کی تدابیر ۔
(ج) جدید تقاضے اور ہماری تعلیم ۔

7۔ تاجرکتب کے نام کتابیں منگوانے کے لیے خط تحریر کیجیے۔ 10